ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
جلد نمبر: 27 | 25 شوال 1447 منگل 14 اپریل 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 38

ایرانی بندرگاہوں پر امریکہ کی ناکہ بندی، 158 جہاز تباہ کرنے کا دعویٰ

امریکا نے ایران کے خلاف بڑا اقدام کرتے ہوئے ایرانی بندرگاہوں پر آنے اور وہاں سے جانے والی تمام بحری آمد و رفت کی ناکہ بندی کا باقاعدہ آغاز کر دیا

کسی بھی ملک کے جہازوں کو ایرانی بندرگاہ یا ساحلی علاقوں تک جانے نہیں دیا جائے گا، خلاف ورزی کرنے والے جہازوں کو نشانہ بنایا جائے گا، امریکی صدر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

کراچی میں انسداد پولیو مہم کیلئے سکیورٹی پلان جاری کر دیا گیا

تمام زونل افسران سکیورٹی انتظامات کی براہ راست نگرانی یقینی بنائیں، پولیس چیف آزاد خان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

خلیجی ممالک کے فضائی آپریشن میں

بہتری، پروازوں میں نمایاں اضافہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

شکایت کنندگان کو ہر ممکن سہولت دی جائے، نوید کامران بلوچ

انفراسٹرکچر کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، وفاقی محتسب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



کراچی: صدر آصف علی زرداری وزیر اعلیٰ ہاؤس میں حال ہی دورہ چین کے دوران دستخط کئے گئے پاک چین مفاہمت کی پیشرفت کا جائزہ لینے والے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جنگ کے بادل ختم: جنگ کو مستقل امن میں بدل دینگے، شہباز شریف

فیلڈ مارشل اور نائب وزیر اعظم کو شاندار خراج تحسین، امن کیلئے کردار ادا کرنے کا عزم، ایران اور امریکا کے اٹکے ہوئے معاملات حل کروانے کی کوششیں کر رہے ہیں، وزیر اعظم

پاکستان خطے میں امن کیلئے کردار ادا کرتا رہے گا، دنیا کی تاریخ اٹھالیں جنگ رکوانے اور امن قائم کرنے میں کئی کئی سال لگے، وزیر اعظم کا کابینہ اراکین سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

روس کی ایران کو افزودہ یورینیم محفوظ رکھنے کی پیشکش

روسی صدر نے ایرانی یورینیم کو اپنے ملک میں محفوظ رکھنے کی تجویز متعدد ممالک کے سامنے بھی رکھی ہے

امریکی اقدامات عالمی منڈیوں بالخصوص توانائی اور تجارت کے شعبوں پر منفی اثرات ڈال سکتے ہیں، ترجمان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



اسلام آباد: چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں

میڈیا معاشرے کا اہم ستون: ذمہ دار اور مثبت صحافت وقت کی ضرورت ہے، گورنر سندھ

صحافتی اخلاقیات پر سختی سے عمل، سنسنی خیزی سے اجتناب اور ذمہ دار رپورٹنگ ناگزیر ہے، گورنر سندھ نہال ہاشمی

تعمیری صحافت معاشرے میں شعور اور بہتری کو فروغ دیتی ہے، گورنر سندھ نہال ہاشمی کی پریس کونسل کے وفد سے گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ ڈیفنس میں انسداد پولیو مہم کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

نصاب کو بین الاقوامی معیارات سے ہم آہنگ کیا جانا چاہیے، صدر زرداری

صدر آصف علی زرداری کو وزیر اعلیٰ ہاؤس کراچی میں ہونے والی ملاقات میں کیڈٹ کالج پیٹارو کی کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ

انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے وظائف، امداد میں سرکاری گرانٹ میں اضافہ اور تجاوزات کو روکنے کیلئے باؤنڈری وال کی تعمیر سے متعلق اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ریسکیو آفیسر کو میت منتقلی سروس ایمبولینس کی علامتی چابی دے رہی ہیں

پاکستان کی ترقی کا راستہ صنعتی شعبے سے ہو کر گزرتا ہے، فاروق ستار

گوجرانوالہ کے صنعت کاروں کا کراچی آ کر اپنی مصنوعات کی نمائش کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کا صنعتی پہیہ تیزی سے گھوم رہا ہے

کراچی کی بندرگاہیں اور ایکسپو سینٹر جیسے مراکز ملکی مصنوعات کو "میڈان پاکستان" کے برانڈ کے طور پر دنیا بھر میں متعارف کروائیں گے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



خان یونس: فلسطینی اسرائیلی حملوں میں تباہ ہونے والے گھروں کے ملبے کے درمیان زندہ رہنے کی جدوجہد کر رہے ہیں

پاکستان دنیا کی واحد اسلامی ایٹمی طاقت ہے، شرجیل میمن

معرکہ حق کے ذریعے بھی ملک کو کامیابی حاصل ہوئی ہے، جس کے باعث بھارتی میڈیا پریشانی میں مبتلا ہے

یہ کامیابی عالمی سفارتی سطح پر پاکستان کی برتری اور بھارت کی ناکامی کو ظاہر کرتی ہے، سینئر صوبائی وزیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

ناردرن بائی پاس عوام دوست مویشی منڈی میں رونقیں بڑھ گئیں

ملک کے مختلف شہروں سے بیوپاری بڑی تعداد میں قربانی کے جانور لے کر پہنچ رہے ہیں

سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے

ڈپٹی کمشنرز کو معذور کوٹہ پر تمام

اسامیوں پر بھرتیاں کرنے کا حکم

بے ریاست جہاز سے غیر قانونی شراب برآمد

ممنوعہ سامان کی بین الاقوامی مارکیٹ میں تخمینی مالیت 20 کروڑ سے زائد ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

جون، جولائی کی فیس طلب کرنے کا

کیس، نویں جماعت کے طالبعلم کو

امتحان میں بیٹھنے کی مشروط اجازت

کمیونٹی پولیسنگ منصوبے کو وسعت دی جائے، آئی جی سندھ

موثر اور پائیدار امن کے قیام کیلئے کمیونٹی پولیسنگ نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے

ٹڈل کلاس طبقے کو با اختیار بنانا مشن ہے، خالد مقبول صدیقی

ایم کیو ایم پنجاب کے طول و عرض میں جدوجہد کر رہی ہے، چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

شاہ لطیف سے اسٹریٹ کرائم میں ملوث 4 رکنی گروہ گرفتار

ملزمان سے کار اور مختلف چھینے گئے اے ٹی ایم آئی ڈی کارڈز اور دستاویز برآمد کر لی گئیں



اسلام آباد: جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے سابق کرکٹر شاہد خان آفریدی ملاقات کر رہے ہیں

پاک افغان کے علاوہ پوری دنیا میں پولیو وائرس ختم ہو چکا، وزیر اعلیٰ سندھ

50 سال سے جو قوتیں آپس میں بات نہیں کرتی تھیں انہیں اسلام آباد لانا معجزے سے کم نہیں ہے، سید مراد علی شاہ کا تقریب سے خطاب

لیاری ڈیولپمنٹ پروجیکٹ پر لوگوں کو تحفظات تھے، جب مخالفین کو اعتراض ہوگا تو ہی پتہ چلے گا کہ کام اچھا ہو رہا ہے، سید مراد علی شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

نشئی پل کی حفاظتی دیوار پھلانگ کر تاروں سے لٹک گیا

ٹریفک پولیس اہلکار نے مہارت سے لٹکتے ہوئے شخص کو بحفاظت نیچے اتار لیا

کراچی سے اغوا کی گئی 15 سالہ لڑکی نوابشاہ سے بازیاب

15 سالہ اقصیٰ رواں سال 12 جنوری کو اتحاد ٹاؤن سے پراسرار طور پر لاپتہ ہوئی تھی، پولیس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

نالے میں ڈوب کر کئی کلو میٹر تک

بہتی بزرگ خاتون کو بچا لیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

گیس بحران، عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے، ایم کیو ایم

معاشی حب کیساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک بند کیا جائے، متحدہ قومی موومنٹ پاکستان

گیس نہیں تو بل کیوں؟ بھاری بھرکم بلوں کی ادائیگی کے باوجود چولہے ٹھنڈے پڑ گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

میڈیکل طالبہ کی خودکشی وہراسانی

کا مقدمہ، ایک اور ملزم گرفتار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41



کراچی: وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ ادارے کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

امن مذاکرات اور تیل کی قیمتوں میں کمی

پاکستان میں ایران امریکا جنگ کے حوالے سے تاریخ ساز امن مذاکرات کے ماحول میں ہی وزیراعظم شہباز شریف نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا ہے۔ ڈیزل 135 روپے جب کہ پٹرول 12 روپے فی لٹر سستا کر دیا گیا ہے۔ مٹی کے تیل اور لائٹ ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے اگلے روز قوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیزل کی نئی قیمت 385 روپے اور پٹرول کی نئی قیمت 366 روپے ہوگی۔ انھوں نے واضح کیا کہ وعدہ کیا تھا کہ جیسے ہی عالمی منڈی میں تیل کی قیمت کم ہوگی، اس کا فائدہ عوام تک پہنچاؤں گا، عالمی منڈی میں تیل کی قیمت میں کچھ کمی ہوئی ہے، لہٰذا فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کر کے عوام کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مہنگائی کو روکنے کے لیے حکومت نے 129 ارب روپے خرچ کیے تھے۔ انھوں نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے انکشاف کیا کہ مجھے کہا گیا کہ تیل کی قیمت میں کمی کا کچھ حصہ عوام تک پہنچایا جائے جب کہ کچھ حصہ اخراجات میں کمی پر لگایا جائے، میں نے یہ تجویز مسترد کر دی ہے، انھوں نے وضاحت کی کہ میں نے خود مشاہدہ کیا ہے کہ عوام نے صبر اور تحمل سے مہنگائی کا بوجھ برداشت کیا ہے لہٰذا اب میری ذمے داری ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں حالیہ کمی کا فائدہ عوام تک پہنچایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے دیگر ذرائع سے کچھ وسائل جمع کر کے اپنا بھرپور حصہ ڈالا۔ اس وقت کسان کے لیے لاگت کم کرنا بہت ضروری ہے۔ موٹر سائیکل، پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کے لیے سبسڈی جاری رہے گی۔ خلیجی جنگ کے باعث تیل کی قیمتوں کے حوالے سے جو مہنگائی دیکھنے میں آئی، وہ یقیناً غیر معمولی نوعیت کی ہے۔ پوری دنیا اس سے متاثر ہوئی ہے۔ اب جنگ بندی کے باعث معاملات کچھ بہتری کی طرف گامزن ہیں۔ اسلام آباد میں ایران اور امریکا کا وفد جنگ بندی کے حوالے سے موجود ہے۔ اسی دوران ایک اور اچھی پیش رفت یہ بھی ہوئی ہے کہ سعودی عرب نے مشرق وسطیٰ کے تنازعے سے پیدا ہونے والے مسائل سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو مکمل مالی معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرا دی۔ سعودی عرب نے ایسے وقت میں مدد کا ہاتھ بڑھایا جب پاکستان تقریباً 5 ارب ڈالر کے قرضوں کی ادائیگیاں کر رہا ہے اور بڑھتی ہوئی درآمدی لاگت کے درمیان بیرونی کھاتے کو مستحکم رکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی وزیر خزانہ محمد بن عبداللہ الجدعان نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کی طرف سے پاکستان کی مسلسل اقتصادی و مالی معاونت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام اور حکومت ہر مشکل وقت میں اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں۔

عالمی یومِ چاگاس بیماری: آگاہی، احتیاط اور صحت مند مستقبل کی جانب ایک قدم



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

ہر سال 14 اپریل کو دنیا بھر میں عالمی یوم چاگاس بیماری منایا جاتا ہے، جس کا مقصد اس خطرناک مگر نظر انداز کی جانے والی بیماری کے بارے میں شعور اجاگر کرنا ہے۔ چاگاس بیماری ایک متعدی مرض ہے جو ٹرپانوسوما کروزی نامی پیراسائٹ کے باعث پھیلتا ہے، اور عموماً لاطینی امریکہ میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ اس دن کی خاص بات یہ ہے کہ عالمی ادارہ صحت سمیت مختلف تنظیمیں لوگوں کو اس بیماری کی علامات، بچاؤ اور علاج کے حوالے سے آگاہ کرتی ہیں تاکہ بروقت تشخیص ممکن ہو سکے۔

چاگاس بیماری کو اکثر "خاموش قاتل" کہا جاتا ہے کیونکہ اس کی ابتدائی علامات بہت ہلکی یا غیر واضح ہوتی ہیں، جیسے بخار، تھکن یا جسم میں درد۔ اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو یہ بیماری دل اور نظام ہاضمہ کو شدید متاثر کر سکتی ہے، جو بعد میں جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے۔ اس دن کا ایک اہم مقصد یہی ہے کہ لوگ اپنی صحت کے بارے میں سنجیدہ ہوں اور معمولی علامات کو نظر انداز نہ کریں۔ آگاہی کے ذریعے ہی اس بیماری کے پھیلاؤ کو روکا جا سکتا ہے۔

پاکستان میں اگرچہ چاگاس بیماری عام نہیں ہے، لیکن عالمی روابط اور سفر کی وجہ سے اس کے پھیلنے کا خدشہ موجود رہتا ہے۔ اس لیے اس دن کو منانے کا مقصد یہاں بھی اہم ہے تاکہ طبی ماہرین اور عوام دونوں اس بیماری کے بارے میں باخبر رہیں۔ پاکستان میں صحت کے ادارے اس دن کے حوالے سے سیمینارز، آگاہی مہمات اور معلوماتی پروگرامز کا انعقاد کرتے ہیں تاکہ لوگوں میں احتیاطی تدابیر کو فروغ دیا جا سکے۔

آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ عالمی یوم چاگاس بیماری ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ صحت ایک قیمتی نعمت ہے اور اس کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے۔ بروقت تشخیص، مناسب علاج اور احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ہم نہ صرف خود کو بلکہ اپنے معاشرے کو بھی اس بیماری سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ اس دن کی اہمیت ہمیں ایک صحت مند، محفوظ اور باخبر دنیا کی طرف قدم بڑھانے کی ترغیب دیتی ہے۔

کراچی کی بدلتی سیاسی فضا: امید یا بے یقینی؟



تحریر: فرقان قمر
سینئر تجزیہ کار

کراچی اس وقت ایک پیچیدہ سیاسی صورتحال سے گزر رہا ہے جہاں مختلف سیاسی جماعتیں اپنی اپنی پوزیشن مضبوط کرنے میں مصروف ہیں۔ شہر کی سیاست میں ایک بار پھر سرگرمی تیز ہو چکی ہے۔ جلسے، کارنر میٹنگز اور عوامی رابطہ مہمات میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ عوام کو مختلف نعروں اور وعدوں کے ذریعے متوجہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، مگر شہری اب پہلے کی نسبت زیادہ باشعور نظر آتے ہیں اور وہ صرف نعروں پر یقین کرنے کے بجائے عملی اقدامات دیکھنا چاہتے ہیں۔

حالیہ دنوں میں بلدیاتی مسائل، پانی کی قلت، بجلی کی لوڈشیڈنگ اور ٹوٹی پھوٹی سڑکیں اہم سیاسی موضوعات بن چکے ہیں۔ ہر جماعت ان مسائل کو حل کرنے کا دعویٰ کر رہی ہے، مگر زمینی حقائق اس کے برعکس دکھائی دیتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سیاسی اختلافات اور طاقت کی کشمکش کے باعث شہر کے بنیادی مسائل نظر انداز ہو رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عوام میں بے چینی اور مایوسی بڑھتی جا رہی ہے۔

کراچی کی سیاست میں ایک اور اہم پہلو نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی ہے۔ سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوان نہ صرف اپنی آواز بلند کر رہے ہیں بلکہ سیاسی شعور بھی حاصل کر رہے ہیں۔ اس نئی نسل کی شرکت نے روایتی سیاست کو چیلنج کیا ہے اور سیاسی جماعتوں کو مجبور کیا ہے کہ وہ اپنی حکمت عملی میں تبدیلی لائیں۔ اب صرف روایتی نعروں سے کام نہیں چل رہا بلکہ عوامی خدمت اور شفافیت کو اہمیت دی جا رہی ہے۔

مستقبل کے حوالے سے دیکھا جائے تو کراچی کی سیاسی صورتحال ابھی غیر یقینی کا شکار ہے، مگر اس میں بہتری کی امید بھی موجود ہے۔ اگر سیاسی قیادت ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر شہر کے مسائل کے حل پر توجہ دے تو کراچی ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔ عوام کی نظریں اب عملی اقدامات پر ہیں، اور وہ چاہتے ہیں کہ ان کے مسائل کا فوری اور مستقل حل نکالا جائے، تاکہ یہ شہر دوبارہ روشنیوں کا شہر بن سکے۔

اسلام آباد مذاکرات: پیش رفت کی نئی امید



تحریر: انور عظیم ایڈووکیٹ
سینئر تجزیہ کار

اسلام آباد میں ہونے والے اہم سفارتی مذاکرات اپنے پہلے مرحلے کے اختتام کو پہنچے، تاہم یہ کہنا درست ہوگا کہ یہ عمل کسی ناکامی کے بجائے ایک مثبت پیش رفت کے ساتھ آگے بڑھا ہے۔ مذاکرات میں شامل اہم عالمی شخصیات کے بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ فریقین کے درمیان بات چیت سنجیدہ اور تعمیری رہی، اگرچہ کوئی حتمی معاہدہ طے نہ پا سکا۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کے موقف سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ اختلافات کے باوجود کئی اہم نکات پر اتفاق رائے حاصل کیا گیا ہے۔ اس بات کے قوی امکانات ہیں کہ جلد ہی مذاکرات کا اگلا دور منعقد ہوگا، جو موجودہ پیش رفت کو مزید مضبوط بنا سکتا ہے۔

ان مذاکرات میں کئی حساس اور بنیادی مسائل زیر بحث آئے، جن میں ایران کا ایٹمی و میزائل پروگرام، آبنائے ہرمز کی سیکیورٹی، خطے میں اسرائیلی کارروائیوں کی روک تھام، اور حزب اللہ سے متعلق امور شامل ہیں۔ اطلاعات کے مطابق بیشتر معاملات پر پیش رفت ہوئی، تاہم چند اہم نکات پر اختلاف برقرار ہے۔ ایرانی ترجمان نے واضح کیا کہ کسی ایک نشست میں مکمل معاہدے کی توقع رکھنا غیر حقیقت پسندانہ ہے، کیونکہ سفارت کاری ایک مسلسل عمل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس طویل نشست کو ایک اہم سنگ میل کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، جس نے مستقبل کے لیے راہیں ہموار کی ہیں۔

پاکستان نے اس سارے عمل میں ایک ثالث کا کردار ادا کیا، جسے عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے دونوں ممالک کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ اس عمل میں پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت، بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی شمولیت نے مذاکرات کو تیز تر بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ دنیا بھر کی نظریں اب اس بات پر مرکوز ہیں کہ یہ سفارتی کوششیں کس حد تک پائیدار امن میں تبدیل ہو سکتی ہیں۔

امریکہ اور ایران کے تعلقات کی تاریخ کو مدنظر رکھا جائے تو یہ مذاکرات ایک بڑی پیش رفت تصور کیے جا رہے ہیں۔ 1979 کے بعد اس سطح پر براہ راست بات چیت ایک غیر معمولی قدم ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں فریق کشیدگی کم کرنے میں سنجیدہ ہیں۔ اگرچہ ابھی کئی معاملات حل طلب ہیں، لیکن مجموعی ماحول مثبت دکھائی دیتا ہے۔ آئندہ مہینوں میں ممکنہ عالمی ملاقاتیں، خصوصاً بڑی طاقتوں کے درمیان، اس عمل کو مزید تقویت دے سکتی ہیں۔ یہ امید کی جا رہی ہے کہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ کسی بڑے بریک تھرو کا پیش خیمہ ثابت ہوگا اور خطے میں دیرپا امن کی بنیاد رکھے گا۔



کراچی: ڈسٹرکٹ ٹرسٹ کے سیکریٹری اطلاعات ... کی اکیڈمی ادبیات ... سے ملاقات کی تصویر

ایس ای ایل ڈی اور یونیسیف نے انرولمنٹ اور ریٹینشن ڈرائیو کا آغاز کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایس ای ایل ڈی اور یونیسیف نے کراچی میں انرولمنٹ اور ریٹینشن ڈرائیو 2026–27 کا آغاز کے روٹری انٹرنیشنل کے تعاون سے ایک مفاہمتی خط (LoU) پر دستخط کیے۔ ایم علی حیدر ڈپٹی گورنر روٹری، چیف پروگرام مینیجر ریفارم سپورٹ یونٹ (RSU)، پریم بہادر چند، چیف فیلڈ آفیسر یونیسیف بھی موجود تھے۔



ایس ای ایل ڈی اور یونیسیف نے کراچی میں انرولمنٹ اور ریٹینشن ڈرائیو 2026-27 کا آغاز کے روٹری انٹرنیشنل کے تعاون سے LOU پر دستخط کیے

علماء و مشائخ امت کی حقیقی رہنمائی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں، پیر ارشد کاظمی

علماء کرام اور مشائخ عظام وہ واحد طبقہ ہے جو لوگوں کو سیدھا راستہ دکھاتا ہے اور انہیں گمراہی سے بچانے میں کردار ادا کرتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ علماء و مشائخ امت کی حقیقی رہنمائی کا فریضہ نہایت اخلاص اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دے رہے ہیں اور موجودہ دور کے نازک اور پیچیدہ حالات میں ان کا کردار پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر چکا ہے۔ ... انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں جہاں سوشل میڈیا ذرائع ابلاغ کے ذریعے غلط معلومات اور گمراہ کن نظریات تیزی سے پھیل رہے ہیں وہاں علماء و مشائخ کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے کہ وہ نوجوان نسل کی درست رہنمائی کریں اور انہیں دین اسلام کی حقیقی تعلیمات سے روشناس کرائیں تاکہ وہ انتہا پسندی، شدت پسندی اور فکری گمراہی سے محفوظ رہ سکیں۔

اسلام آباد ڈائیلاگ کے کامیاب انعقاد پر دلی مبارکباد پیش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی علماء کونسل پاکستان کے چیئرمین انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان کے جنرل سیکریٹری صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی اور صوبائی صدر مرکزی علماء کونسل سندھ مولانا عبدالماجد فاروقی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ڈائیلاگ کے کامیاب انعقاد پر حکومت پاکستان، وزارت داخلہ، قانون نافذ کرنے والوں کو دلی مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ...

نیو کراچی ٹاؤن میں انسداد پولیو مہم کا آغاز، نیو کراچی ٹاؤن انتظامیہ کا بھرپور تعاون

عبدالجبار مہر نے انسداد پولیو مہم کے افتتاح پر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن عبدالجبار مہر نے انسداد پولیو مہم کے افتتاح پر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے۔ میونسپل کمشنر نے انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ ... انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی ذمہ داری ہے اور ہر شہری کو اس مہم میں بھرپور تعاون کرنا چاہیے تاکہ ملک کے نونہالوں کو اس موذی مرض سے مکمل نجات دلائی جا سکے۔ ...

طارق مدنی کی کراچی کے مسائل کے حل میں غیر سنجیدگی کی مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق محمود مدنی نے کراچی کے مسائل کے حل میں غیر سنجیدگی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے اہم مسائل میں بجلی کی لوڈشیڈنگ، گیس کی قلت، پینے کے پانی کی کمی، ٹریفک جام اور امن و امان کی خراب صورتحال شامل ہیں۔ ... اور سیاسی و انتظامی ناانصافی کا سامنا ہے۔ ان مسائل کے حل کے لیے بااختیار مقامی حکومت اور انتظامی بہتری کی ضرورت ہے۔





تحریک صوبہ ہزارہ کے زیر اہتمام شہدائے ہزارہ کی یاد میں دعائیہ تقریب سے علامہ عبدالخالق فریدی، علامہ محمد حسین مسعودی، مولانا منظور الحق تھانوی، میڈیا ایگزیکٹو طاہر جلال و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پاکستانی زرعی برآمدات کے نظام کو شفاف بنانے کی اشد ضرورت ہے، ایگریکلچر اینڈ ہارٹیکلچر فورم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ایگریکلچر اینڈ ہارٹیکلچر فورم پاکستان نے زرعی پیداوار کی برآمد میں خطرناک بدانتظامی اور ابھرتی ہوئی اجارہ داری کے خلاف بھرپور آواز اٹھائی ہے۔ وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ کے تحت کام کرنے والے ایک محکمے کی سفارش پر Rosselkhoznadzor نے 300 سے زائد رجسٹرڈ ایکسپورٹرز کے پول میں سے صرف پاکستان میں تین کمپنیوں سے آلو کی درآمد کی منظوری دی ہے جو عمل واضح امتیازی سلوک کی عکاسی کرتا ہے۔



قصباتی فیڈریشن سے منسلک دو جماعتوں کتیانہ ملک انجمن اور کتیانہ قاضی جماعت کے مابین نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر قاضی مصطفیٰ و دیگر کا گروپ فوٹو

دعوت و تبلیغ انبیاء کرام علیہم السلام کا مقدس مشن ہے، مفتی فیض قادری

تبلیغی دورے کا مقصد انسانیت کی اصلاح، دلوں کی صفائی اور معاشرے میں نیکی اور بھلائی کو فروغ دینا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کا پانچ رکنی وفد دعوت و تبلیغ اور محافل ذکر و اذکار کے سلسلے میں ... مفتی محمد فیض احمد قادری نے کہا کہ دعوت و تبلیغ انبیاء کرام علیہم السلام کا مقدس مشن ہے جس کا مقصد انسانیت کی اصلاح، دلوں کی صفائی اور معاشرے میں نیکی اور بھلائی کو فروغ دینا ہے۔ ...

کراچی میں آن لائن فراڈ کے بڑھتے واقعات، شہری ہوشیار رہیں۔ موتی والا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سمیت دنیا بھر میں سرگرم آن لائن فراڈ ایسے گروہ ... شہریوں کو نئے طریقوں سے نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے، جس کے باعث سادہ لوح افراد مالی نقصان کا شکار ہو رہے ہیں۔ ...

ایران امریکہ دونوں کو بات چیت کے ذریعے حل تلاش کرنا چاہیے، حاجی حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ایران امریکہ مذاکرات کا حتمی معاہدے کے بغیر ختم ہونے کے باوجود مزید گفت و شنید ہونے کا امکان ہے۔ ایران اور امریکہ دونوں فریقین کو مذاکرات کی طرف واپس آنا چاہیے اور بات چیت کے ذریعے حل تلاش کرنا چاہیے ...

بڑی شخصیات کو یاد کا مقصد نوجوان نسل کو علمی روایت سے جوڑنا ہے، محمد احمد شاہ

معروف تاریخ دان، مصنف ڈاکٹر حمید بخش بلوچ کی خدمات کے اعتراف میں تقریب کا انعقاد

بلوچ صاحب نے انسٹر جنس ... کا کام کیا وہ قابل تحسین ہے۔ آرٹس کونسل ایسے لوگوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہتی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی جانب سے معروف تاریخ دان، مصنف ڈاکٹر حمید بخش بلوچ کی خدمات کے اعتراف میں تقریب کا انعقاد جمیعہ معین ہال میں کیا گیا جس میں صدر آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی محمد احمد شاہ، حاجی چانڈیو، کلیم اشاری، عبدالغفار سومرو و دیگر نے اظہار خیال کیا۔ ...

کتیانہ ملک انجمن اور کتیانہ قاضی جماعت کے مابین کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) قصباتی فیڈریشن سے منسلک دو معزز جماعتوں، کتیانہ ملک انجمن اور کتیانہ قاضی جماعت کے مابین ایک شاندار اور یادگار نائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد ... کیا گیا۔ ...

امتحانی نظام میں شفافیت اور نظم و ضبط اولین ترجیح ہونا چاہیے، پرویز ہارون

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں نویں اور دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے جاری عمل کے دوران مختلف انتظامی مسائل، شکایات اور بعض مقامات پر غیر یقینی صورتحال کے سامنے آنے پر سندھ پرائیویٹ اسکولز ... نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امتحانی نظام میں شفافیت، نظم و ضبط اور طلبہ کے بنیادی حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ ...

نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کام تیز، سیکٹر فائیو جی میں نو تعمیر شدہ گلیوں کا افتتاح

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا میئر کراچی سے 7 ہزار روڈ نیو کراچی کی فوری تعمیر کا مطالبہ

بغیر کسی سیاسی یا مذہبی تفریق کے تمام علاقوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ چیئرمین محمد یوسف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن کے چیئرمین محمد یوسف نے یو سی 7 سیکٹر G-5 میں پورا بلاک سے نو تعمیر شدہ گلیوں کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب مقامی پارک میں منعقد ہوئی جس میں وائس چیئرمین ... نے شرکت کی۔ ... انہوں نے کہا کہ ہم نے عوام سے جو وعدہ کیا تھا الحمدللہ اسے پورا کر رہے ہیں اور بغیر کسی سیاسی یا مذہبی تفریق کے تمام علاقوں میں ترقیاتی کام جاری ہیں۔ ...



ایس ای ایل ڈی اور یونیسیف کے تحت انرولمنٹ اور ریٹینشن ڈرائیو کا آغاز

سندھ حکومت کا دو ہزار ایکڑ ... بائیک مالکان اور کسان مستفید ہو رہے ہیں، رضا جاچڑ نور

حاجی حنیف طیب نے ذکریا اسماعیل وڈالہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا

شہید ملت اسلامیہ شہید القدس رہبر معظم سید علی خامنہ ای کے چہلم پر تعزیتی و دعائیہ تقریب

بلدیہ عظمیٰ کراچی کے سابق آڈٹ آفیسر حاکم خان انتقال کر گئے

فکر کراچی نشست انتہائی لائق تحسین تھی، اسلم فاروقی





بقیہ نمبر 01 اطلاعات

رضاکار بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ میونسپل کمشنر عبدالجبار میر نے پولیو ٹیموں کے ساتھ گھر گھر جاکر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل کا معائنہ کیا اور والدین سے بھی گفتگو کرتے ہوئے انہیں پولیو مہم کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی ذمہ داری ہے اور ہر شہری کو اس مہم میں بھرپور تعاون کرنا چاہیے تاکہ ملک کے نونہالوں کو اس موذی مرض سے مکمل نجات دلائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لیو کراچی ٹاؤن کی انتظامیہ پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے اور مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ٹیموں اور رضاکاروں کی محنت قابل تحسین ہے جو شدید گرمی اور مختلف مشکلات کے باوجود گھر گھر جاکر بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ عبدالجبار میر نے کہا کہ لیو کراچی ٹاؤن میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ان شاء اللہ ٹیموں کی مسلسل محنت اور عوام کے تعاون سے لیو کراچی ٹاؤن کو پولیو سے پاک علاقہ بنایا جائے گا۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر نے پولیو ٹیموں اور رضاکاروں کے جذبہ خدمت کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی اور ہدایت کی کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ مہم کے دوران ٹیموں کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں تاکہ انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے مکمل کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

کر رہی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کھارادر میں واقع شوکت خانم اسکول نمبر 34 اور 35 کی ازسرنو تعمیر کے بعد افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ٹاؤن اراکین کونسل، متعلقہ افسران، اساتذہ کرام، طلبہ کے معززین اور والدین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ چیئرمین صدر ٹاؤن نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ صدر ٹاؤن میں رہنے والے افراد اس صوبے کے کئی شہروں اور علاقوں کی نسبت تعلیم کے میدان میں بہت آگے ہیں یہاں جدید مضامین سے ہم آہنگ اسکول، کالجز، اور یونیورسٹی میں زیر تعلیم طلبا و طالبات اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے زندگی کے ہر شعبے میں اپنے ملک و قوم کا نام روشن کر رہے ہیں منصور احمد شیخ نے کہا کہ مذکورہ اسکولوں کی جدید خطوط پر تعمیر نو کا مقصد طلبہ کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ یکسوئی کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے تعمیر شدہ اسکول میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، صاف ستھرے کلاس رومز، بہتر بیٹھنے کے انتظامات اور دیگر ضروری سہولیات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ چیئرمین صدر ٹاؤن نے مزید کہا کہ حکومت سندھ کی ہدایات کے تحت سرکاری اسکولوں میں نظام تعلیم کے معیار کو مزید بلند کیا جا رہا ہے تاکہ یہ ادارے نجی تعلیمی اداروں کا مقابلہ کر سکیں اور عوام کا اعتماد بحال ہو ان کا کہنا تھا کہ تعلیم یافتہ معاشرہ ہی ترقی یافتہ قوم کی بنیاد ہوتا ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آخر میں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صدر ٹاؤن میں مزید تعلیمی منصوبوں پر بھی کام جاری رکھا جائے گا اور بچوں کے روشن مستقبل کے لیے تعلیمی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

کے ساتھ میدان میں آنا ہوگا۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ کراچی کے مسائل کے حل کے لیے جلد آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے گی، جبکہ آئندہ کنٹونمنٹ بورڈ کے انتخابات میں مشترکہ امیدوار نامزد کرنے پر بھی اصولی اتفاق کیا گیا

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

کے ہمراہ کیا۔ افتتاحی تقریب میں وائس چیئرمین اسحاق تیموری، چیئرمین یونین کمیٹی نمبر 3 0 یونس بندھانی، ناظم علاقہ عبید احمد خان اور دیگر معزز مہمانان گرامی بھی موجود تھے۔ سابق ایم این اے محمد حسین محنتی نے اپنے خطاب میں کہا کہ عوامی خدمت ہی ہمارا مشن ہے اور اسی جذبے کے تحت ایسے فلاحی و ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے ٹاؤن انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ لیاقت آباد ٹاؤن کی جانب سے عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں، اور ہم آئندہ بھی اسی طرح عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ خان کامران سراج نے کہا کہ اس سے قبل بھی مختلف علاقوں میں اسی نوعیت کے ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے عوام کے حوالے کیے جا چکے ہیں، جو آج بھی بہترین حالت میں عوام کو سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ ترقیاتی کام جاری رکھیں گے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب نے کہا کہ ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد عوامی خدمت کے جذبے کے تحت علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے کوشاں ہے۔ عبدالغفار پرچا اسٹریٹ کی تعمیر پیور بلاک کے ذریعے کی گئی ہے، جس کا مقصد شہریوں کو پائیدار، خوبصورت اور معیاری انفراسٹرکچر فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی محدود وسائل کے باوجود علاقے کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں اور ان شاء اللہ آئندہ بھی ترقیاتی منصوبوں کا یہ سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

پروگراموں کو جاری رکھا جائے گا۔ اس سلسلے میں عنقریب مزید اقدامات بھی اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فریقین کے مابین متنازعہ مسائل کو ثالثی کے ذریعے نمٹانے کے پروگرام آلٹرنیٹو ڈسپیوٹ ریزولوشن کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ شکایات 60 دن کی مقررہ مدت میں نمٹانے کو یقینی بنائیں۔ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنے ادارے کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا جس میں تمام شعبوں کے افسران نے شرکت کی جب کہ علاقائی دفاتر کے افسران آن لائن اجلاس میں شریک ہوئے۔ وفاقی محتسب کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ رواں سال کے دوران 31 مارچ تک 62734 شکایات موصول ہو چکی ہیں۔ وفاقی حکومت کے 213 ادارے وفاقی محتسب کے کمپیوٹرائزڈ نظام (CMIS) کے ساتھ منسلک ہیں۔ ان اداروں میں آنے والی شکایات اگر ایک ماہ میں حل نہ ہوں تو وہ خود بخود وفاقی محتسب کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں آ جاتی ہیں اور ان پر کارروائی شروع کر دی جاتی ہے۔ وفاقی حکومت کے باقی اداروں کو بھی اس نظام سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ نوید کامران بلوچ نے کہا کہ وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی مہم کو مزید منظم انداز میں آگے بڑھایا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ادارے سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کے انفراسٹرکچر کو مزید بہتر بنانے کے لیے بھی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف اضلاع سے بڑی تعداد میں آئے ہوئے شہیدوں و سومرو ویلفیئر

آرگنائزیشن کے اراکین نے شرکت کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آنے والے یوم شہادت کے موقع پر کراچی سے ایک بھرپور قافلے کی صورت میں روپا ماڑی پہنچ کر شہید دودو سومرو کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ اجلاس کے دوران مہمانوں کو سندھ کی ثقافت کی علامت اجرک پہنائی گئی۔ کامیاب پروگرام کے بعد محفل موسیقی کا بھی اہتمام کیا گیا۔ جس میں مختلف فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ ان دھنوں پر تنظیم کے کارکنان نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے رقص بھی کیا اور یوں اس محفل کو چار چاند لگا دیے۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

تھے۔ معزز مہمانان گرامی نے تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اولڈ ویلفیئر آرگنائزیشن کی روح رواں لبنیٰ کے جذبہ محنت اور کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں بچیوں کی تعلیم و ہنرمند اور با وقت کی ضرورت ہے اور انشاء اللہ اس بامقصد مشن میں سرکاری اور غیر سرکاری سطح پر آپ کی بھرپور مدد و تعاون کریں گے۔ بعد ازاں مہمانان گرامی نے اپنے دست مبارک کورس مکمل کرنے والی خواتین میں سرٹیفکیٹس اور شیلڈ تقسیم کیں۔ اولڈ ویلفیئر آرگنائزیشن کی روح رواں لبنیٰ، نائب صدر محمد رضوان کونسلر یوسی غریب آباد، محمد سلمان اور دیگر نے مہمانوں کو پرتپاک استقبال کیا۔ اور ان کو سندھ کا روایتی اجرک کا تحفہ پیش کیا۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

ضروری تاخیر کے بچھے بلاک کر کے انٹرنیٹ کی وصولی ہے۔ کے ایم سی کی کرپشن کی داستانیں اور ٹاؤنز کی بیڈ گورننس لوٹ مار اداروں کو تباہ کر رہی ہے۔ لیبر ذمہ داران ایم ڈی پی انتخابیہ سے ملاقات کریں اگر مسائل حل نہ ہوئے تو لائحہ عمل دیں گے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

خدمات قابل تحسین ہیں اور تمغہ کراچی ان کی محنت اور خدمات کا اعتراف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے باصلاحیت اور مخلص افراد کی حوصلہ افزائی معاشرے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اس موقع پر شاہد اللہ جونیجو نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز ان کے لیے باعث فخر ہے اور وہ آئندہ بھی اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں اسی جذبے سے ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

لیے خوبصورت گاڑی گفٹ کرنے کا اعلان تفصیلات کے مطابق صحافیوں کے حقوق کی علمبردار عالمی تنظیم پاک انٹرنیشنل میڈیا الائنس کی مرکزی کابینہ کا اہم اجلاس ضلع منڈی بہاء الدین کے علاقہ اگرنیہ میں زیر صدارت چیف آرگنائزر پاکستان صاحبزادہ پیر شہزاد احمد نوشاہی میں منعقد ہوا اجلاس میں مرکزی صدر اور بانی سید حفیظ ہمزداری نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی دیگر مرکزی عہدیداروں میں ٹیکنیکل ایڈوائزر ڈاکٹر تجمل محمود خان سیکرٹری جیب حسین انصاری، ڈپٹی کوارڈینیٹر حکیم محمد عنایت اور ایڈوائزر محمد ارشد جعفری شامل تھے اجلاس میں اہم نوعیت کے فیصلے کیے گئے جن میں دیگر فیصلوں کے ساتھ ایک بڑا فیصلہ کر آئندہ تمام فیصلے چھ رکنی مرکزی کابینہ اتفاق رائے سے کرے گی اگر کسی مرحلہ پر ووٹ برابر ہو جاتے ہیں تو مرکزی صدر اور بانی آئین کے مطابق ویٹو پاور استعمال کرتے ہوئے ایک اضافی ووٹ ڈالیں گے جس سے کوئی بھی فیصلہ 4/3 سے ہو جائے گا چیف آرگنائزر پاکستان صاحبزادہ پیر شہزاد احمد نوشاہی نے کہا کہ پورے پاکستان میں تنظیم سازی کا مرحلہ اس وقت تیزی سے جاری ہے اس موقع پر انہوں نے اعلان کیا کہ وہ ادارہ کے لیے ایک خوبصورت گاڑی بطور عطیہ دیں گے جو کہ ہر علاقہ میں جائے گی اس میں موجود سٹاف ممبران لوگوں کے مسائل سنیں گے ٹیجر پروگرام اور تجویے اس کے ذریعہ لوگوں تک پہنچائے جائیں گے انشاءاللہ العزیز پاکستان کے اداروں کے ساتھ مل کر لوگوں کے مسائل حل کریں گے اور دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے اس موقع پر شرکاء نے صاحبزادہ پیر شہزاد احمد نوشاہی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

سفارتی کردار کا واضح ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کی قیادت میں ہونے والے 21 گھنٹے طویل مذاکرات اگرچہ کسی حتمی معاہدے پر منتج نہیں ہو سکے، تاہم 1979 کے بعد دونوں ممالک کے درمیان اس سطح کی براہ راست بات چیت کا اسلام آباد میں انعقاد پاکستان کی کامیاب سفارتکاری کی عکاسی کرتا ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ عالمی رہنماؤں بشمول امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، نائب صدر جے ڈی وینس، اور ایرانی اسپیکر محمد باقر قالیباف نے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کلیدی کردار کو تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کی قیادت نے ایک اہم امن پلیٹ فارم فراہم کیا، جس سے 28 فروری کو شروع ہونے والے بحران کے بعد، جس نے عالمی معیشت کو نمایاں طور پر متاثر کیا ہے، دونوں متحارب ممالک کے درمیان براہ راست مذاکرات کو کامیابی سے ممکن بنایا۔ میاں زاہد حسین نے خبردار کیا کہ مذاکرات کی ناکامی کے باعث عالمی منڈیوں میں بے چینی بڑھ گئی ہے اور تیل کی قیمتیں 105 ڈالر فی بیرل تک جانے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی بندرگاہوں کی مشروط بحری ناکہ بندی، جو 22 اپریل کو ختم ہو رہی ہے، انتہائی نازک مرحلے میں ہے، جبکہ ایران کے جوہری پروگرام اور آبنائے ہرمز پر کنٹرول جیسے معاملات بدستور حل طلب ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ آبنائے ہرمز دنیا کی تیل کی ترسیل کا ایک اہم راستہ ہے جہاں سے تقریباً ایک پانچواں حصہ تیل گزرتا ہے، اور کسی بھی کشیدگی کے باعث عالمی تجارت شدید متاثر ہو سکتی ہے۔ اس سے نہ صرف توانائی کا بحران پیدا ہوگا بلکہ مرکزی بینکوں کو شرح سود بڑھانے پر مجبور ہونا پڑ سکتا ہے، جس سے عالمی معاشی بحالی کا عمل سست پڑ جائے گا۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

عنایت خان اور جناب شاکر سے ملاقات کی اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا اور کہا انشاءاللہ تعالیٰ ان کوششوں منزل تک پہنچائیں گے اور کامیابی سے ہمکنار کریں گے آمین

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ہائی کمشنر بنگلہ دیش محمد ذاقب صداقت، بزنس مین گروپ (بی ایم جی) (کے چیئرمین زبیر موتی والا، وائس چیئرمین طارق یوسف، صدر کے سی سی آئی محمد ریحان حنیف، سینئر نائب صدر محمد رضا، چیئرمین ڈپلومیٹک مشنز اینڈ ایمبیسیز لائزن سب کمیٹی احسن ارشد شیخ، سابق صدر کے سی سی آئی جنید اسماعیل ماکڈا اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ بنگلہ دیش ہائی کمشنر نے عوامی و ثقافتی روابط کے حوالے سے فنکاروں کے متوقع تبادلے اور پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں بنگلہ دیشی کھلاڑیوں کی شرکت کا ذکر کیا جو دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی قربت کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت 100 سے زائد بنگلہ دیشی طلبا پاکستان میں بالخصوص طب، دندان سازی اور تکنیکی شعبوں میں زیر تعلیم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بنگلہ دیشی مریض بھی علاج کی غرض سے بڑی تعداد میں پاکستان آ رہے ہیں جن میں جگر اور گردے کی پیوندکاری کے ساتھ ساتھ کینسر کا علاج بھی شامل ہے۔ علاوہ ازیں انہوں نے پاکستان کی معدنی صلاحیت بالخصوص تھرپارکر کے کوئلے کے ذخائر میں گہری دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ بنگلہ دیش کو چونے کے پتھر کی ضرورت ہے لہٰذا انہوں نے تجویز دی دونوں ممالک کو معدنیات کے شعبے میں تجارتی امکانات تلاش کرنے چاہیے۔ چیئرمین بی ایم جی زبیر موتی والا نے اپنے خطاب میں اس امر پر زور دیا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوطرفہ تجارت تا حال ایک ارب ڈالر سے بھی کم ہے جو اس کی اصل صلاحیت کے مقابلے میں انتہائی کم ہے۔ پاکستان بنگلہ دیش کے گارمنٹ سیکٹر میں ٹیکنالوجی کی منتقلی، پیداوار میں بہتری لانے اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے ایک باہمی فائدہ مند شراکت داری قائم کر سکتا ہے۔ انہوں نے تجارتی سہولتکاری کے لیے عملی تجاویز پیش کیں جن میں ویزا کو آسان بنانا، کراچی چیمبر اور ڈھاکہ چیمبر یا فیڈریشن کے دفاتر میں تاجروں کی مدد کے لیے خصوصی ہیلپ ڈیسک قائم کرنا شامل ہے۔ انہوں نے بینکنگ چینلز کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے اس حوالے سے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں مثبت پیشرفت سامنے آئی ہے اور ایک پاکستانی بینک بنگلہ دیش میں داخل ہو چکا ہے اور مزید بینک چند آنے کی راہ پر ہیں مگر مالی لین دین کو ہموار بنانے کے لیے اس عمل کو مزید تیز کرنا ہوگا۔ انہوں نے کراچی اور ڈھاکہ کے درمیان براہ راست فضائی رابطے کی فوری ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہفتہ وار چند پروازیں بھی تجارت، کاروباری سفر اور دوطرفہ روابط کو نمایاں طور پر بہتر بنا سکتی ہیں۔ انہوں نے بنگلہ دیش کو براہ راست بحری ترسیل کے آغاز کو تجارتی رابطوں کی بہتری کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ زبیر موتی والا نے ٹیکنالوجی تعاون کے امکانات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بنگلہ دیش کی گارمنٹ انڈسٹری کو سافٹ ویئر سسٹم، کمپیوٹرائزڈ کٹنگ اور اسٹیچنگ مشینری، کوالٹی کنٹرول ٹیکنالوجی اور انوینٹری مینجمنٹ سسٹم جیسے شعبوں میں تعاون فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے گارمنٹ سیکٹر میں مشترکہ منصوبوں میں وسیع تر امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا اور بنگلہ دیش کی خواتین کی افرادی قوت کی بھرپور شرکت کو اس کی برآمدی کامیابی کا اہم محرک قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بنگلہ دیش کے صنعتی مساوات پر مبنی روزگار کے ماڈل سے سیکھ سکتا ہے جبکہ تکنیکی و صنعتی تعاون پیش کر سکتا ہے۔ انہوں نے توانائی، معدنیات، صحت، تعلیم اور بلیو اکانومی سمیت متعدد شعبوں میں دیرپا تعاون کی نشاندہی کی اور بلوچستان و خیبر پختونخوا میں معدنی ذخائر کی وسیع صلاحیت کا ذکر کرتے ہوئے بنگلہ دیشی سرمایہ کاروں کو اس شعبے میں مواقع تلاش کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کو توانائی کی بلند قیمتوں کا حل تلاش کرنا ہوگا اور علاقائی توانائی تعاون سمیت متبادل ذرائع پر غور کرنا ہوگا۔ انہوں نے پاکستان کی 1200 کلومیٹر طویل ساحلی پٹی کی غیر استعمال شدہ صلاحیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی اسٹڈیز کے مطابق اگر درست حکمت عملی اختیار کی جائے تو سمندری خوراک کی برآمدات اگلے 3 سے 4 سال میں 10 ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہیں۔ زبیر موتی والا نے بتایا کہ کے سی سی آئی مئی 2028 کے پہلے ہفتے میں ایک اعلیٰ سطح تجارتی وفد بنگلہ دیش بھیجے گا۔ یہ وفد فیڈریشن آف بنگلہ دیش چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف بی سی سی آئی) اور وزارت تجارت و صنعت سمیت اہم اداروں سے ملاقات کرے گا تاکہ پالیسی فریم ورک اور بہترین طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ انہوں نے بنگلہ دیش کی برآمدی کارکردگی کو سراہا جو تقریباً 48 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔ پاکستان بنگلہ دیش کی ذکٹ پر قابو پانے کی حکمت عملی اور برآمد پر مبنی پالیسیوں سے بہت کچھ سیکھ سکتا ہے۔ بنگلہ دیش نے مسابقتی پیداواری لاگت کیسے حاصل کی یہ سمجھنا پاکستان کی برآمدی مسابقت بڑھانے کے لیے بے حد ضروری ہے۔ قبل ازیں صدر کے سی سی آئی محمد ریحان حنیف نے اپنے خیرمقدمی خطاب میں کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات ایک اہم تبدیلی سے گزر رہے ہیں اور اب یہ تعلقات تجارت، رابطے اور مشترکہ اقتصادی مواقعوں پر مبنی ایک مستقبل پر نظر رکھنے والی شراکت داری کی صورت اختیار کر رہے ہیں۔ دونوں ممالک کی تاجر برادری ٹیکسٹائل، فارماسیوٹیکلز، زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں مضبوط تعاون قائم کرنے کی خواہش مند ہے لیڈرز اور عوامی سطح پر روابط میں اضافہ اس صلاحیت کو حقیقت میں بدل سکتا ہے۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ کے سی سی آئی اقتصادی سفارتکاری کو دوطرفہ تعلقات کا بنیادی محرک سمجھتا ہے۔ پاکستان کے اقتصادی مرکز کراچی کے طور پر ہم بنگلہ دیش کے ساتھ تجارتی تعلقات مستحکم بنانے کے لیے کلیدی کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کے سی سی آئی دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان بزنس ٹو بزنس روابط، تجارتی وفود کے تبادلے سمیت مشترکہ منصوبوں اور معلومات کے تبادلے کو بھرپور طریقے سے آگے بڑھائے گا۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

سابق رکن قومی اسمبلی میر پالیل خان بھٹو انی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے مرحوم میر پالیل خان بھٹو انی کے صاحبزادوں سے بھی ملاقات کی اور ان کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سرحوم کی سیاسی اور عوامی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک مخلص اور عوام دوست رہنما تھے جن کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا تعزیت کے موقع پر سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، صلاح الدین جونیجو اور سندھ اسمبلی کے اسپیکر اویس قادر شاہ، جمیل سومرو، صوبائی وزیر سعید غنی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ قبل ازاں بلاول بھٹو زرداری خصوصی طیارے پر شہباز ایئربیس پر پہنچے جہاں پیپلز پارٹی کے ضلع صدر میر لیاقت خان لاشاری، رکن صوبائی اسمبلی حاجی شیر محمد مغیری، ڈاکٹر سہراب سرکی اور دیگر نے ان کا استقبال کیا۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

پلانٹ کو 4 میگاواٹ آور بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم کے ساتھ مربوط کر کے نافذ کیا جائے گا۔ یہ تعیناتی فریز لینڈ کمپینا کے ای کار ٹرانزیشن اسٹریٹیجی کے لیے اس کے طویل المدتی عزم اور اپنی آپریشنز میں پائیدار توانائی کے حل کو شامل کرنے کے وژن کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ ہائبرڈ سسٹم جو فریز لینڈ کمپینا کے آپریشنل سائٹس پر تعینات کیا جا رہا ہے، توانائی کی لاگت کو کارکردگی کو بہتر بنانے، بجلی کی فراہمی کی قابل اعتمادیت کو بڑھانے اور بڑھتے ہوئے ٹیرف کے درمیان گرڈ کے انحصار پر ہے تمام کو کم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ بہتر توانائی انتظام پیک شیونگ کی حمایت کرے گا اور ڈیمانڈ مینجمنٹ کو مضبوط کرے گا جس سے آپریشنل مضبوطی میں اضافہ ہوگا اور طویل المدتی مالی فوائد فراہم ہوں گے۔ مسٹر کاشان حسن، سی ای او اور منیجنگ ڈائریکٹر، فریز لینڈ کمپینا نے کہا ایک پائیدار اور مضبوط توانائی کا انفراسٹرکچر ہمارے مستقبل کے وژن کے مرکز میں ہے۔ اے تو ٹیڈ انرجی سسٹم کے ساتھ ہماری شراکت داری ڈیری فارمنگ کے کاربن فٹ پرنٹ کو کم کرنے کی ہماری کوششوں میں ایک اہم قدم کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ فریز لینڈ کمپینا کے Doing DAIRY Right کے وژن سے بھی ہم آہنگ ہے جس میں فطرت کے ساتھ توازن رکھنا شامل ہے۔ شمسی توانائی کو بروئے کار لاتے ہوئے ہم ایک لاگت مؤثر اور پائیدار طریقہ کار تیار کر رہے ہیں جو غیر قابل تجدید وسائل پر انحصار کو کم کرتا ہے اور ڈیری سیکٹر کے لیے مالی پائیداری کو بہتر بناتا ہے۔ ایک ایسے ملک میں جو مہنگائی کے دباؤ کا سامنا کر رہا ہے مجھے ایک ایسی کمپنی کی قیادت پر فخر ہے جو ترقی کو فروغ دیتی ہے اور پاکستان کے لیے ایک پائیدار مستقبل کی تشکیل کے لیے پرعزم ہے۔ اے تو ٹیڈ انرجی سسٹم، انجینئرنگ، پروکیورمنٹ اور کنسٹرکشن کنٹریکٹر کے طور پر کام کرتے ہوئے اس منصوبے کو مکمل، تیار اور مکمل استعمال حالت میں فراہم کیا جائے گا۔ جدید توانائی کے نظام میں اپنی مہارت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کمپنی بین الاقوامی معیار کے مطابق بہترین ڈیزائن، ہموار انضمام اور اعلیٰ کارکردگی کے ساتھ عمل درآمد کو یقینی بنائے گی۔ مسٹر انور الحسن، چیئرمین، اے تو ٹیڈ انرجی سسٹم نے کہا یہ منصوبہ صنعتی توانائی کی حکمت عملیوں میں پائیداری اور مالی کارکردگی کے بڑھتے ہوئے امتزاج کی عکاسی کرتا ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم فریز لینڈ کمپینا کی ایک مستقبل کے لیے تیار توانائی کے حل کی تعیناتی میں معاونت کر رہے ہیں جو ماحولیاتی اور معاشی دونوں قدر فراہم کرتا ہے۔ یہ منصوبہ صنعتی توانائی کی منتقلی کے لیے ایک قابل توسیع ماڈل کی نمائندگی کرتا ہے جو صاف توانائی کی پیداوار کو اسٹوریج کے ساتھ یکجا کر کے کارکردگی کو زیادہ سے زیادہ بناتا ہے اور طویل المدتی قدر کو ممکن بناتا ہے۔ کمیشننگ کے بعد توقع ہے کہ یہ نظام منظم توانائی لاگت کی بچت فراہم کرے گا، روایتی گرڈ پر انحصار کو کم کرے گا اور آپریشنل تسلسل کو بہتر بنائے گا جس سے زیادہ اثاثہ استعمال اور بہتر منافع حاصل ہوگا۔ یہ شراکت داری نہ صرف فریز لینڈ کمپینا کے ڈیری فارمنگ کے کاربن فٹ پرنٹ کو کم کرنے کے عزم کو ظاہر کرتی ہے بلکہ اے تو ٹیڈ انرجی سسٹم کی ایک معروف ریلائی ایبل مائیکرو گرڈز فراہم کنندہ کے طور پر مہارت کو بھی اجاگر کرتی ہے جو پاکستان کے لیے ایک سرسبز اور زیادہ پائیدار مستقبل کی جانب ایک اہم قدم کی نشاندہی کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

مولانا عادل اللہ شاہ، شیخ الحق سواتی، قاضی فخر الحسن، مولانا احسان اللہ کریمی، مولانا عمر صادق، مولانا نور الحق، مولانا عبدالرشید نعمانی، مفتی محمد خالد، سید اکبر شاہ ہاشمی، قاری فیض الرحمان عابد، قاری محمد اشرف بیگ، فاروق سید حسن زئی، مولانا اجمل شاہ شیرازی، مولانا خطیب شاہ، مولانا نصیر اللہ ہزارزئی، مولانا محمد بلال، نیک امان اللہ مسعود، عزیز اللہ خان سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں جمعیت طلبہ اسلام اصلاح کے ذمہ داران راشد محمود لغاری بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں تنظیمی امور، موجودہ ملکی و سیاسی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں طویل مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ 14 مئی 2026 بروز جمعرات شام 4 بجے ضلع غربی کراچی میں ایک بڑا عوامی جلسہ عام منعقد کیا جائے گا، جس میں جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمن مہمان خصوصی ہوں گے۔ اجلاس میں صوبائی ذمہ داران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مذکورہ جلسہ عام کو کامیاب بنانے کے لئے بھرپور عوامی رابطہ مہم چلائی جائے گی اور کراچی بھر سے کارکنان کی بڑی تعداد کو شریک کیا جائے گا تاکہ عوامی قوت کا بھرپور مظاہرہ کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

عوام بلستت نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔ چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ عید میلادالنبی نشتر پارک 2006 اور سانحہ ستون عید میلادالنبی 2023 کے شہدا اور زخمیوں کے لواحقین آج بھی انصاف کی امید پر نظریں جمائے بیٹھے ہیں۔ سانحہ جشن عید میلادالنبی کبھی بھلایا نہیں جا سکتے ہیں۔ پاکستان سنی تحریک پر ہمیشہ ظلم و جبر کیا گیا مگر ہم نے امن کا دامن کبھی بھی اپنے ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ ہمارے شہید قائدین نے جو راستہ ہمیں دکھایا تھا آج بھی ہم اپنے شہید قائدین کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ ریاست سے ہمیں آج بھی انصاف کی امید ہے۔ مرکزی صدر پاکستان سنی تحریک صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جشن عید میلادالنبی 11 اپریل 2006 کو پاکستان سنی تحریک کی اعلیٰ قیادت سمیت 63 علما و مشائخ کو شہید کیا گیا۔ اس سانحہ میں پاکستان سنی تحریک کے سربراہ محمد عباس قادری مرکزی رہنما افتخار احمد بھٹی مولانا اکرم قادری اور پاکستان سنی تحریک کے ذمہ داران کارکنان اور عوام اہلسنت شہید و زخمی ہوئے۔ پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے صوبائی صدر صاحبزادہ محمد سعد اللہ خان بارکزئی نے بھی شہدائے جشن عید میلادالنبی کے حوالے سے اپنے جاری مذمتی بیان میں کہا کہ مستونگ میں جشن عید میلادالنبی کے جلوس میں بھی خودکش دھماکہ ہوا تھا جس میں تقریباً 50 عاشقان رسول شہید اور 300 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔ صوبائی حکومت نے اس دلخراش سانحہ میں شہید اور زخمی ہونے والوں کے لیے مالی امداد دینے کا اعلان کیا۔ شہداء کے لواحقین کی مالی امداد کی گئی مگر 89 زخمیوں کی اب تک کوئی معاونت نہیں کی گئی ہے۔ زخمیوں کے لواحقین نے اپنی کمشنر سے رابطہ کیا تو انہوں نے ڈی سی حکام کی جانب روانہ کر دیا اسی ڈی سی حکام نے لواحقین کو واپس کمشنر مستونگ کی جانب بھیج دیا۔ یہ کیسا نظام ہے کہ جہاں مظلوم کی فریاد سننے والا کوئی نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

میں شروع کیے گئے ٹرانسفارمیشن پروجیکٹ کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے اسے کراچی کی ترقی، بحالی اور جدید شہری نظام کی جانب ایک انقلابی قدم قرار دیا ہے۔ ترجمان میئر کراچی کریم اللہ دہقانی نے جماعت اسلامی کے رہنما منعم ظفر کے بیانات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے انہیں جھوٹ، بہتان تراشی اور محض سیاسی منافقت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی قیادت ایک بار پھر گمراہ کن بیانیے، بے بنیاد الزامات اور منفی سیاست کے ذریعے عوام کو دھوکہ دینے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

زور دیا کہ شہر میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ، وزیر داخلہ اور آئی جی سندھ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کے عوام کو ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ راجہ اظہر نے مزید کہا کہ حکومت اپنی آئینی ذمہ داری پوری کرے، بصورت دیگر عوام کا ردعمل مزید شدید ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

معاشی اصلاحات کے تحت کاروبار میں آسانی پیدا کرنے کی مسلسل کوششوں کا نتیجہ ہے۔ جنرنکس کے



بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر کا کراچی چیمبر کا دورہ

اقتصادی تعلقات مزید مستحکم بنانے پر زور

بنگلہ دیش اور پاکستان کے تعلقات میں خوشگوار پیشرفت پر اطمینان بخش، کوئی ایسی رکاوٹ نہیں جو دور نہ ہو سکے، اقبال حسین خان

آسان ویزا، مضبوط بینکنگ چینلز، براہ راست پروازیں، ہیلپ ڈیسک کا قیام دوطرفہ تجارت کو فروغ دے گا، زبیر موتی والا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد اقبال حسین خان نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے تعلقات میں خوشگوار پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا ہے جس کا اندازہ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح وفود کے تبادلے سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ دونوں ممالک کی حکومت دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے حالیہ دور کو دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے کا ایک سنہری موقع قرار دیتے ہوئے کہا کہ فضائی اور بحری رابطوں میں بعض مشکلات ضرور حائل ہیں تاہم باہمی افہام و تفہیم اور مشترکہ کوششوں سے انہیں با آسانی دور کیا جا سکتا ہے۔ ... ایسی بڑی رکاوٹ نہیں جسے دور نہ کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر تبادلہ خیال کرتے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



جمعیت علماء اسلام 14 مئی کو کراچی غربی میں جلسہ عام کا اعلان

مولانا فضل الرحمٰن مہمان خصوصی ہوں گے۔ کارکنان تیاریاں تیز کریں، علامہ راشد محمود سومرو

اجلاس میں تنظیمی امور، موجودہ ملکی و سیاسی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام صوبہ سندھ کے تحت کراچی ڈویژن کے تمام اضلاع کے امرا اور نظما عمومی کا ایک اہم مشترکہ اجلاس جامعہ مصباح العلوم محمودیہ منظور کالونی میں صوبائی نائب امیر قاری محمد عثمان کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے خصوصی شرکت کی اور شرکا کو اجلاس کے ایجنڈے سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں کراچی ڈویژن میں موجود صوبائی مجلس عاملہ کے معزز اراکین سمیت مختلف اضلاع کے ذمہ داران نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر دیگر طریقت حضرت مولانا حافظ عبدالقیوم نعمانی، مولانا محمد غیاث،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

فریز لینڈ کیمپینا نے اے ٹو زیڈ انرجی سسٹمز کے ساتھ ای پی سی معاہدہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فریز لینڈ کیمپینا اینگرو پاکستان لمیٹڈ جو ڈیری اور غذائیت کے شعبے میں ایک معروف کثیر القومی ادارہ ہے، نے اے ٹو زیڈ انرجی سسٹمز کے ساتھ ایک اسٹریٹجک شراکت داری کا اعلان کیا ہے تاکہ 2 میگاواٹ کے سولر فوٹو وولٹک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

نیو کراچی ٹاؤن میں انسداد پولیو مہم کا آغاز انتظامیہ کا بھرپور تعاون

عبدالجبار مہر نے انسداد پولیو مہم کے افتتاح پر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے

نیو کراچی ٹاؤن میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جا رہے ہیں، عبدالجبار مہر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن عبدالجبار مہر نے انسداد پولیو مہم کے افتتاح پر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے۔ میونسپل کمشنر نے انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور پولیو ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر پولیو مہم کے انچارج ڈاکٹر جاوید، اسٹاف افسر نیو کراچی ٹاؤن محمد علی، متعلقہ عملہ اور پولیو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

بلاول بھٹو زرداری کی رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی سے والد کی وفات پر تعزیت

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) بلاول بھٹو زرداری کی رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی سے والد کی وفات پر تعزیت۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے جیکب آباد پہنچ کر رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی سے ان کے والد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

پائیدار امن کا دارومدار ایک موثر اور معیاری نظامِ تعلیم پر ہے، منصور احمد شیخ

اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں کے معیار کو بہتر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

طلباء و طالبات اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے زندگی کے ہر شعبے میں اپنے ملک و قوم کا نام روشن کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور پائیدار امن کا دارومدار ایک موثر اور معیاری نظام تعلیم پر ہے جبکہ اقوام کی بقا در حقیقت تعلیم کے فروغ میں ہی مضمر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں کے معیار کو بہتر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس سلسلے میں صدر ٹاؤن انتظامیہ بھرپور اقدامات

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

کراچی کی تعمیر و ترقی کیلئے مشترکہ لائحہ عمل پر اتفاق ہو گیا

اسلم خان



کراچی ہمارا شہر ہے اور اسے بچانے کیلئے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، عرفان اللہ مروت، بہتر نتائج کیلئے تمام جماعتوں کو میدان میں آنا ہوگا، محمد اشرف

عرفان اللہ مروت اور اسلم خان کی ملاقات، آل پارٹیز کانفرنس بلانے اور کنٹونمنٹ انتخابات میں مشترکہ امیدوار لانے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان عرفان اللہ مروت اور محمد اسلم خان، چیئرمین کراچی گرینڈ الائنس، نے کراچی کی تعمیر و ترقی کے لیے ایک مشترکہ لائحہ عمل پر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ عرفان اللہ مروت کی رہائش گاہ پر ہونے والی ملاقات میں شہر کے مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر عرفان اللہ مروت نے کہا کہ کراچی ہمارا شہر ہے اور اسے بچانے کے لیے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ محمد اسلم خان نے کہا کہ کراچی گرینڈ الائنس تمام قومیتوں کے حقوق کے لیے جدوجہد کر رہا ہے۔ ... پاکستان کے چیف آرگنائزر محمد اشرف نے کہا کہ بہتر نتائج کے لیے تمام جماعتوں کو مشترکہ حکمت عملی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3



سانحہ جشن عید میلاد النبی کبھی بھلایا نہیں جا سکتا ہے

ثروت اعجاز قادری

جشن عید میلاد النبی کے شہدا کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور دعائیہ تقریب، سنی تحریک کے رہنماؤں کی جشن عید میلاد النبی کے شہدا کے مزارات پر حاضری

علی قیادت سمیت 63 علماء و مشائخ کو شہید کیا گیا، بلال عباس قادری، نوشتر پارک میں 50 عاشقان رسول شہید اور 300 سے زائد زخمی ہوئے، صاحبزادہ محمد سعد اللہ خان بارکزئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے جانب سے ملک بھر میں جشن عید میلاد النبی کے شہدا کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی، محفل میلاد اور دعائیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ شہدا کے ایصال ثواب کے لیے مرکزی تقریب کراچی میں منعقد ہوئی۔ پاکستان سنی تحریک کے قائد محمد ثروت اعجاز قادری، مرکزی صدر علامہ بلال عباس قادری، ذمہ داران و کارکنان اور عوام اہلسنت نے شہدائے جشن عید میلاد النبی کے مزارات پر حاضری دی، مرکزی رہنماؤں نے مزارات پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ شہدائے جشن عید میلاد النبی کی تقریب میں چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری، مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری پاکستان سنی تحریک کے ذمہ داران عہدیداران کارکنان اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

لیاقت آباد یونین کمیٹی 3 میں تعمیر ہونے والی سڑک عبدالغفار پڑھا اسٹریٹ کا افتتاح

عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں، محمد حسین محنتی

اسی جذبے کے ساتھ ترقیاتی کام جاری رکھیں گے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے، کامران سراج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد کی جانب سے ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے یونین کمیٹی نمبر 03 بندھانی کالونی عبدالغفار پڑھا اسٹریٹ کو پیور بلاک کے ذریعے جدید تقاضوں کے مطابق تعمیر و بحالی کے بعد عوام کے لیے کھول دیا گیا۔ اس اہم ترقیاتی منصوبے کا باقاعدہ افتتاح سابق رکن قومی اسمبلی و رہنما جماعت اسلامی محمد حسین محنتی نے امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ نائن کامران سراج، اور چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

کراچی کی ترقی و خوشحالی کا سفر ہر صورت جاری رہے گا

کرم اللہ وقاصی

سندھ حکومت یا میئر کراچی جب بھی کراچی کی ترقی کا کوئی منصوبہ شروع کرتے ہیں تو جماعت اسلامی واویلا مچا کر عوام کو بیوقوف بنانے کی کوشش شروع کر دیتی ہے

جماعت اسلامی کی قیادت ایک بار پھر گمراہ کن بیانیہ، بے بنیاد الزامات اور منفی سیاست کے ذریعے عوام کو دھوکہ دینے کی ناکام کوشش کر رہی ہے، ترجمان میئر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان میئر کراچی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

وفاقی محتسب میں آنیوالے شکایت کنندگان کو سہولت دی جائے، نوید کامران بلوچ

مابین متنازعہ مسائل کو ثالثی کے ذریعے نمٹانے کے پروگرام اے آر ڈی کو مزید وسعت دی جا رہی ہے

ادارے کے انفراسٹرکچر کو مزید بہتر بنانے کے لئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، وفاقی محتسب کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے اپنے ادارے کے افسران کو ہدایت کی ہے کہ یہاں آنے والے شکایت کنندگان کو ہر ممکن سہولت دی جائے، اگر کوئی شکایت کسی دوسرے وفاقی یا صوبائی محتسب سے متعلق ہو تو شکایت کنندہ کو واپس بھیجنے کی بجائے اس کی شکایت وصول کر کے متعلقہ محتسب کو اپنے خط کے ساتھ بھیجی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شکایت کنندگان کو اے ڈی آر پروگرام اور کھلی کچہریوں کے ذریعے ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



الوددود ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام تقریب تقسیم اسناد میں کامیاب طالبات میں مہمان خصوصی آغا جعفر، زاہد رحیم، علی نواز پڑھیار، حلیم بے میمن، جبران اسناد تقسیم کر رہے ہیں

شہید دودو سومرو ویلفیئر آرگنائزیشن کراچی ڈویژن کی جانب سے اہم اجلاس

رفیق احمد سومرو سمیت مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔

کراچی سے ایک بھرپور قافلے کی صورت میں روپا ماڑی پہنچ کر شہید دودو سومرو کو خراج عقیدت پیش کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہید دودو سومرو ویلفیئر آرگنائزیشن کراچی ڈویژن کی جانب سے احسن آباد فارم ہاؤس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس کے مہمان خصوصی شہید دودو سومرو ویلفیئر آرگنائزیشن پاکستان کے مرکزی وائس چیئرمین، سینئر قانون دان محترم جناب ایڈووکیٹ محمد ابراہیم سومرو صاحب تھے۔ اجلاس میں سندھ کے نائب صدر محترم جناب نظیر احمد سومرو صاحب، سندھ کے جوائنٹ سیکریٹری محترم جناب بابر شیر محمد صاحب، کراچی ڈویژن کے قائم مقام صدر محترم جناب اقبال احمد سومرو صاحب، کراچی ڈویژن کے جنرل سیکریٹری محترم جناب غلام محمد سومرو صاحب، ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر محترم توفیق احمد سومرو صاحب، ڈسٹرکٹ ویسٹ کے جوائنٹ سیکریٹری محترم جناب رفیق احمد سومرو صاحب سمیت مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے دیگر، باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



سابق رکن قومی اسمبلی و رہنما جماعت اسلامی محمد حسین محنتی، امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ وسطی کامران سراج، فراز حسیب کے ہمراہ یونین کمیٹی نمبر 3 بندھانی کالونی میں تعمیر ہونے والی سڑک کا افتتاح کر رہے ہیں

پنشنرز کو ادائیگی کی جائے KMC اور ٹاؤنز اضافی تنخواہوں کی ادائیگی کریں

سیف یار خان

کرپشن نے ملازمین کا حق بھی چھین لیا ہے، صفورا ٹاؤن میں پٹرول کی ہیر پھیر اور افسران کو تمام سہولتوں سے محروم کر کے پارٹی کے افراد کو نوازا جا رہا ہے

جعلی بھرتیاں کر کے بلدیہ کراچی اور ٹاؤنز میں اضافی بوجھ ڈال کر ملازمین کو زچ کر دیا گیا، واٹر کارپوریشن میں بدانتظامی ختم کی جائے، ہنگامی اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی کمیٹی کے انچارج نہال احمد صدیقی اور جوائنٹ انچارج فاروق ملک کی ہدایت پر گراس لیبر امور اور مرکزی کمیٹی کے رہنما سیف یار خان نے لیبر اداروں کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی اور ٹاؤنز اضافی تنخواہوں کی ادائیگی کریں۔ پنشنرز کو ادائیگی کی جائے۔ کرپشن نے ملازمین کا حق بھی چھین لیا ہے۔ صفورا ٹاؤن میں پٹرول کی ہیر پھیر اور افسران کو تمام سہولتوں سے محروم کر کے پارٹی کے افراد کو نوازا جا رہا ہے۔ جعلی بھرتیاں کر کے بلدیہ کراچی اور ٹاؤنز میں اضافی بوجھ ڈال کر ملازمین کو زچ کر دیا گیا۔ واٹر کارپوریشن میں بدانتظامی ختم کی جائے۔ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی سے سیہون ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے کرپٹ ملازمین کو واپس بھیجا جائے۔ تنخواہوں کی غیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8



بچیوں کو ہنرمند اور بااختیار بنانے میں ہر ممکن تعاون کریں گے

علی نواز پڑھیار، زاہد رحیم

معاشرے میں بچیوں کی تعلیم، ہنرمند اور بااختیار بنانا وقت کی ضرورت ہے، انشاء اللہ اس بامقصد مشن میں سرکاری سطح پر آپ کی بھرپور مدد و تعاون کریں گے، مہمانانِ گرامی

الوددود ویلفیئر آرگنائزیشن کے تحت تقریب تقسیم اسناد کی سے علامہ آغا جعفر، حلیم بے میمن، ڈاکٹر عابد رضا، خاتون کونسلر نادیہ سعد اور دیگر کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الوددود ویلفیئر آرگنائزیشن کی روح رواں مس تنسب نے اپنے سینٹر میں ہنرمند بچیوں کے کورس کی تکمیل پر گلشن فاطمہ ٹیلر کھوکھر پار میں ایک خوبصورت تقریب کا انعقاد کیا جس کے مہمان خصوصی آغا جعفر رضا علوی، جبکہ رونق محفل چیئرمین بن غریب آباد ٹیلر علی نواز پڑھیار، خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن کے بانی و چیئرمین زاہد رحیم، تحفہ کراچی حاصل کرنے والے ڈاکٹر عابد رضا، خاتون کونسلر نادیہ سعد، حال ہی میں مرجان کی چٹانوں تحفہ کراچی حاصل کرنے والے معروف سائنسدان ڈاکٹر عابد رضا، سیاسی و سماجی کارکن حلیم بے میمن، اعجاز احمد، ایڈووکیٹ میمن ایڈووکیٹ، جاوید، بی آئی ایس پی کے داخلہ کرانے کے ماسٹر نسیم اور بشریٰ ویمن ایمپلائیڈ ویلفیئر آرگنائزیشن کے چیئرپرسن جبران بھی موجود

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

حقوق العباد ویلفیئر ایسوسی ایشن کے وفد کی شاہ ولی اللہ جنیدی سے ملاقات

وفد کی جانب سے شاہ ولی اللہ جنیدی کو پھولوں کا خوبصورت گلدستہ بھی پیش کیا گیا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صحافی، کالم نگار اور محقق شاہ ولی اللہ جنیدی کو تحفہ کراچی ملنے پر حقوق العباد ویلفیئر ایسوسی ایشن کے وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر وفد کی جانب سے شاہ ولی اللہ جنیدی کو پھولوں کا خوبصورت گلدستہ بھی پیش کیا گیا۔ وفد کے ارکان نے کہا کہ شاہ ولی اللہ جنیدی کی صحافتی، تحقیقی اور ادبی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

کورنگی شاہ فیصل پل ڈاکوؤں کی چیک پوسٹ بن گیا، راجہ اظہر

12 سے 15 ڈاکوؤں کا جدید ہتھیاروں کے ساتھ شہریوں کو یرغمال بنانا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ شہر میں ریاستی رٹ ختم ہو چکی ہے

ڈکیتی کے واقعات کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیوز نے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے، صدر پی ٹی آئی کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے صدر راجہ اظہر نے کہا ہے کہ کورنگی شاہ فیصل کالونی پل سندھ حکومت کی نااہلی کے باعث باقاعدہ ڈاکوؤں کی "چیک پوسٹ" بن چکا ہے، جہاں شہریوں کو دن دیہاڑے لوٹا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ فیصل پل پر مسلح ڈاکوؤں کی جانب سے شہریوں سے لوٹ مار پولیس کی مکمل ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ 12 سے 15 ڈاکوؤں کا جدید ہتھیاروں کے ساتھ شہریوں کو یرغمال بنانا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ شہر میں ریاستی رٹ ختم ہو چکی ہے۔ راجہ اظہر کا کہنا تھا کہ ڈکیتی کے واقعات کی سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیوز نے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے، جبکہ یہ انتہائی تشویشناک امر ہے کہ پولیس کے ناکے لگائے گئے ناکوں کے باوجود ملزمان با آسانی وارداتیں کر کے فرار ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے سندھ حکومت پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

شہزادہ احمد نوشاہی کی جانب سے ادارہ کیلئے خوبصورت گاڑی گفٹ کرنے کا اعلان

آئندہ تمام فیصلے چوہدری مرکزی کابینہ اتفاق رائے سے کرے گی، ویٹو پاور استعمال کرتے ہوئے ایک اضافی ووٹ ڈالیں گے



کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک انٹر میڈیا الائنس کی مرکزی کابینہ کا اجلاس صاحبزادہ شہزادہ احمد نوشاہی کی جانب سے ادارہ کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

ایس ای سی پی میں مارچ 2026 کے دوران 2,993 نئی کمپنیوں کا اندراج

تقریباً 99.9 فیصد کمپنیوں نے ایس ای سی پی کے آن لائن پورٹل 'eZfile' کے ذریعے خود کو رجسٹر کروایا

کمپنیوں کی تعداد میں یہ اضافہ ظاہر کرتا ہے کہ سرمایہ کاروں کا پاکستان کے کاروباری شعبے پر اعتماد بڑھ رہا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مارچ 2026 میں 2,993 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جو پچھلے سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 11 فیصد زیادہ ہے۔ کمپنیوں کی تعداد میں یہ اضافہ ظاہر کرتا ہے کہ سرمایہ کاروں کا پاکستان کے کاروباری شعبے پر اعتماد بڑھ رہا ہے۔ یہ کامیابی ایس ای سی پی کی جانب سے نظام کو ڈیجیٹل بنانے اور حکومت کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20



مرکزی قیادت کا اجلاس مرکزی صدر محمد اسحاق عباسی کی زیر صدارت مرکزی سیکرٹریٹ پر ہوا، مرکزی صدر محمد اسحاق عباسی، مرکزی سینئر نائب صدر جہانگیر عباسی، مرکزی نائب صدر عبدالوہاب، مرکزی جنرل سیکرٹری محمد عادل عباسی و دیگر عہدیداران نے شرکت

پاکستان عالمی سفارتکاری میں کلیدی کردار ادا کرنے لگا، میاں زاہد حسین

امریکہ۔ ایران کشیدگی، پاکستان کی ثالثی عالمی استحکام کے لیے ناگزیر قرار

آبنائے ہرمز پر تنازع: ناکام مذاکرات کے بعد عالمی معیشت کو خطرات لاحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم و آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے سربراہ اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے براہ راست مذاکرات پاکستان کے عالمی سطح پر بڑھتے ہوئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

کراچی یوتھ سمٹ کے ذریعے جین الفلاح جین زی کو ایک پلیٹ فارم پر لائیں گے، نوید علی بیگ

نوجوان والنٹیئر ازم کے ذریعے خدمت کے ساتھ شہر کے حالات کو بہتر بنانے میں بھی اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں

یوتھ سمٹ کا اہتمام رواں برس اکتوبر کیا جائے گا جس میں جین الفلاح جین زی کو اکٹھا کریں گے، چیف ایگزیکٹو الفلاح

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو الفلاح کراچی نوید علی بیگ نے کہا ہے کہ کراچی یوتھ سمٹ کے ذریعے الفلاح جین الفلاح اور جین زی کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرے گی۔ والنٹیئر ازم کو پروان چڑھانا ہوگا، نوجوان والنٹیئر ازم کے ذریعے معاشرے کی خدمت کے ساتھ ساتھ شہر کے حالات کو بہتر بنانے میں بھی اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے الفلاح والنٹیئر کے تحت مقامی ہال میں گزشتہ روز رمضان المبارک کے دوران خدمات انجام دینے والے رضا کاروں کی عید ملن تقریب سے خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں رضا کاروں کی بڑی تعداد موجود تھی، جنہیں ان کی شاندار خدمات پر اسناد دی گئیں۔ اس موقع پر الفلاح میڈیکل سروسز کے ڈائریکٹر ثاقب حسین انصاری اور سینئر منیجر والنٹیئر مینجمنٹ پروگرام اسد قریشی نے بھی خطاب کیا۔

میرین آئی ایس ٹی اے کی جانب سے کراچی پورٹ پر ریکارڈ ہینڈلنگ آپریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میرین آئی ایس ٹی اے نے کراچی پورٹ پر اب تک کا سب سے بڑا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21



سینئر صحافی شاہ ولی اللہ جنیدی کو تحفہ کراچی ملنے پر صحافی، کالم نویس، توقیر بیگ پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

سید ولی وارثی سے ممون جونیجو اور افضال صدیقی کی ملاقات

متعدد مزدوروں کو حکومت کی جانب سے مقرر کردہ کم از کم تنخواہ ادا نہیں کی جا رہی ہے، گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل لیبر ونگ کے صدر سندھ و رکنگ کمیٹی ممبر سید ولی وارثی سے آل پاکستان میڈیا فیڈریشن سندھ کے جنرل سیکریٹری و آل پاکستان جونیجو ویلفیئر ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر ممون جونیجو اور پاکستان مسلم لیگ فنکشنل رابطہ کمیٹی کراچی کے رکن افضال صدیقی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مزدوروں کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی سلیم بلوچ نے منسٹر پبلک کمپلینٹ سیل میں عوامی شکایات سنیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ سندھ برائے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و دیہی ترقی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

معروف سماجی و سیاسی رہنما کی سٹی پریس کلب کے چیئرمین اسد خان کی عیادت

ڈاکٹر حبیب نواز خان کی بقا ہیومن رائٹس کے عنایت خان اور شاکر سے تبادلہ خیال

انشاء اللہ تعالیٰ اس کو اپنی منزل تک پہنچائیں گے اور کامیابی سے ہمکنار کریں گے، آمین

کراچی (رپورٹ/ ڈاکٹر فرح دیبا) معروف سماجی و سیاسی رہنما جناب ڈاکٹر حبیب نواز خان بانی اور سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر حبیب پاٹل کی فاؤنڈیشن اور سابق ڈائریکٹر ہیلتھ اینڈ میڈیکل سروسز کے ایم سی نے فاؤنڈیشن کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات جناب عبدالکریم اور سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر جناب شوکت حسین کے ہمراہ سٹی پریس کلب کا دورہ (Visit) کیا اور مرکزی چیئرمین جناب اسد خان کی عیادت کی۔ جو کئی دنوں سے علیل ہیں۔ ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ جناب اسد خان کو اپنے مقاصد میں کامیاب کرے اور سٹی پریس کلب کی کاوشوں کو عروج تک پہنچائے آمین اس موقع پر انہوں نے بقا ہیومن رائٹس کے مرکزی رہنماؤں جناب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



زورو گروپ پروگرام آرگنائزر کے آفس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی سماجی کارکن اور علمی و ادبی شخصیت سید احمد شکیل شاہ کا شرکا کے ساتھ گروپ فوٹو



عبدالکریم، شوکت حسین، ڈاکٹر حسین نواز خان کا سٹی پریس کلب کے دورے کے موقع پر اسد خان کی عیادت کر رہے ہیں